## امریکہ، برطانیہ اور نیٹو ممالک عالمی بحری تجارت کو محفوظ بنانے کیلئے صومالی قزاقوں کی مسلح کارروائیوں سے دنیا کے لوگوں کو نجات دلائیں۔الطاف حسین

## اس سلسلے میں دیگر ممالک، او آئی سی اور دیگر بین الاقوامی تنظیموں سے بھی مدد لی جائے

## صومالی بحری قزاقوں کے ہاتھوں یرغمال رہنے والے بحری جہاز ایم وی البیڈو کے پاکستانی عملے سے گورنر ہاؤس کراچی میں فون پر گفتگو

## یرغمالیوں کی رہائی کے سلسلے میں بھرپور کوششیں کرنے پر گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، سی پی ایل سی کے چیئرمین احمد چنائے

## اور انکی معاونت کرنے والے تمام افراد کو الطاف حسین کا زبردست خراج تحسین

## خصوصی کاوشوں پر صدر آصف زرداری اور مالی معاونت کرنے والے مخیّر حضرات کا خصوصی شکریہ

لندن۔۔۔ 3 اگست 2012 ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے امریکہ، برطانیہ اور نیٹو ممالک سے اپیل کی ہے کہ وہ دہشت گردی کے خلاف جنگ کے نام پر جہاں دنیا کے مختلف ممالک میں کارروائیاں کررہے ہیں وہاں عالمی بحری تجارت کو محفوظ بنانے کیلئے صومالی قزاقوں کی مسلح کارروائیوں سے بھی دنیا کے لوگوں کو نجات دلائیں۔اس سلسلے میں دیگر ممالک، او آئی سی اور دیگر بین الاقوامی تنظیموں سے بھی مدد لی جائے۔ جناب الطاف حسین نے یہ بات صومالی بحری قزاقوں کے ہاتھوں دوسال سے زائد عرصہ تک یرغمال رہنے کے بعد رہائی پانے والے بحری جہاز ایم وی البیڈو کے پاکستانی عملے سے گزشتہ شب گورنر ہاؤس کراچی میں فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔رہائی پانے والوں کا تعلق کراچی کے علاوہ، لاہور، فیصل آباد، جہلم، گجرات، مانسہرہ اور مالاکنڈ ڈویژن کے علاقے دیر سے ہے۔ جناب الطاف حسین نے قزاقوں کی قید سے رہائی پر بحری جہاز کے پاکستانی عملے اور ان کے تمام اہل خانہ کو اپنی اور ایم کیو ایم کی جانب سے مبارکباد پیش کی۔انہوں نے اس سلسلے میں دن رات کوششیں کرنے پر گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، سی پی ایل سی کے چیئرمین احمد چنائے اور ان کی معاونت کرنے والے تمام افراد کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے اپنے مصیبت زدہ پاکستانی بھائیوں کو رہائی دلوا کر انکے پریشان حال اہل خانہ کو رمضان کے ماہ مبارک میں جو تحفہ دیا ہے اس پر آپ کو جتنا بھی خراج تحسین پیش کیا جائے کم ہے، آپ نے مظلوموں کی مدد کر کے نیک کام کیا ہے، اللہ تعالیٰ آپ کو اس کا اجرعظیم عطا کرے۔انہوں نے اس سلسلے میں خصوصی کاوشیں کرنے پر صدر آصف زرداری اور مالی معاونت کرنے والے مخیّر حضرات کا بھی خصوصی شکریہ ادا کیا۔اس موقع پر رہائی پانے والے تمام پاکستانیوں نے بھی جناب الطاف حسین سے فرداً فرداً گفتگو کی اور انکی رہائی کے سلسلے میں بھرپور کوششیں کرنے اور انکے اہل خانہ کی دادرسی کرنے پر جناب الطاف حسین، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، سی پی ایل سی کے چیئرمین احمد چنائے اور حکومت کا شکریہ ادا کیا۔ جہاز کے کپتان جاوید نے جناب الطاف حسین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ ایک بہادر اور انسانیت دوست انسان ہیں اور ہمیشہ مظلوموں کیلئے آواز بلند کرتے ہیں، ہمیں آپ پر فخر ہے، جہاز کے انجینئر ذوالفقار نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ ہمیں اللہ کے کرم اور آپ کی کوششوں سے رہائی نصیب ہوئی، ہم آپ کا احسان عمر بھر نہیں بھول سکتے۔دیگر افراد نے بھی اسی قسم کے جذبات کا اظہار کیا۔ جناب الطاف حسین نے ان سے کہا کہ ہم نے کسی پر کوئی احسان نہیں کیا، ہم نے اپنا فرض ادا کیا ہے، اللہ تعالیٰ دیگر لوگوں کو بھی یہ توفیق دے کہ وہ اپنے فرائض ایمانداری، دیانتداری اور بے لوثی سے انجام دیں اور مصیبت زدہ لوگوں کی مدد کریں۔

## کے ای ایس سی کی متعصب انتظامیہ کراچی اور اسکے شہریوں کے ساتھ دشمنی کا عمل بند کرے، رابطہ کمیٹی

## شہر میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ، شہریوں کو اضافی بل کی ادائیگی اور فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں نرخوں میں اضافہ سراسر ظلم وزیادتی ہے

## کراچی کے عوام پہلے ہی مہنگی ترین بجلی استعمال کررہے ہیں اور اپنے بل باقاعدگی سے جمع کروا رہے ہیں

کراچی۔۔۔3/اگست2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کے ای ایس سی کی جانب سے کراچی میں بجلی کی طویل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے باوجود صارفین کو اضافی بلوں کی فراہمی اور نیپرا کی جانب سے فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں بجلی کے نرخوں میں ایک روپے 60 پیسے فی یونٹ اضافے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اسے کراچی کے صارفین کے ساتھ کھلی ناانصافی اور زیادتی قرار دیتے ہوئے کہا کہ کے ای ایس سی کی انتظامیہ کراچی کے شہریوں پر ظلم وستم کا سلسلہ فی الفور بند کرے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی پاکستان کا معاشی حب ہے جو قومی خزانے میں 70 فیصد سے زائد ریونیو جمع کرواتا ہے شہر میں طویل دورانیے کی لوڈشیڈنگ کے سبب کاروباری زندگی بری طرح مفلوج ہے جبکہ ماہ رمضان المبارک میں سحر اور افطار کے اوقات کار میں جاری طویل غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کی زندگیاں اجیرن بنادی ہیں، لوڈشیڈنگ نے نہ صرف کراچی کی صنعتی وتجارتی سرگرمیاں بری

طرح متاثر کر رکھی ہیں بلکہ شہری زندگی کو بھی پوری طرح مفلوج کر دیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ طویل لوڈ شیڈنگ کے باوجود کے ای ایس سی کی متعصب انتظامیہ کراچی کے صارفین کو ہر ماہ میٹر ریڈنگ سے زائد اضافی بل بھیج رہی ہے جبکہ فیول ایڈجسٹمنٹ کے نام پر ہر ماہ نرخوں میں ناجائز اضافہ کر کے شہریوں پر مہنگائی کا بوجھ ڈالا جارہا ہے جو کراچی کے عوام پر سراسر ظلم وستم کے مترادف ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کراچی کے عوام پہلے ہی مہنگی ترین بجلی استعمال کر رہے ہیں اور تمام تر مالی مشکلات کے باوجود اپنے بل باقاعدگی سے جمع کروارہے ہیں ایسے میں کے ای ایس سی کی جانب سے صارفین کو اضافی بلوں کی فراہمی کھلی کراچی دشمنی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کے ای ایس سی کی انتظامیہ کو متنبہ کیا کہ وہ کراچی کے شہریوں پر ظلم وستم کے پہاڑ توڑنے سے باز رہے اور کراچی دشمنی کا عمل بند کرے۔رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری، وزیر اعظم راجہ پرویز اشرف، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیر اعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ کراچی میں سحر وافطار کے اوقات میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ، کراچی صارفین کو میٹر ریڈنگ سے زائد اضافی بل بھیجنے اور نیپرا کی جانب سے فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں نرخوں میں اضافے کا نوٹیفیکیشن واپس لیا جائے اور کے ای ایس سی کا کراچی اور اس کے شہریوں کے ساتھ متعصبانہ سلوک بند کرایا جائے۔

## پاکستان کو بچانے کیلئے اتحاد واتفاق کی اشد ضرورت ہے، رضا ہارون

## پاکستان اس وقت جن سنگین خطرات اور مسائل سے دوچار ہے ایسے مسائل تاریخ میں پہلے کبھی نہیں تھے

## موروثی سیاستدانوں نے 64 برسوں سے غریب ومظلوم عوام کو یرغمال بنا رکھا ہے، اشفاق منگی، یوسف شاہوانی

## ٹھٹھہ مکلی سرکٹ ہاؤس اور نوشہرو فیروز میں منعقدہ افطار ڈنر سے اظہار خیال

ٹھٹھہ:۔۔۔3، اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون نے کہا ہے کہ پاکستان اس وقت جن سنگین خطرات اور مسائل سے دوچار ہے ایسے مسائل تاریخ میں پہلے کبھی نہیں تھے، پاکستان کو بچانے کیلئے آپس کے اتحاد کی ضرورت ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے مکلی سرکٹ ہاؤس میں منعقدہ افطار پارٹی سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر محمد زبیر احمد، سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن اور ممبر سندھ اسمبلی ہیر سوہو، اراکین سندھ تنظیمی کمیٹی، اراکین زونل کمیٹی کے علاوہ ٹھٹھ ڈسٹرکٹ کے معززین شہر، وکلا، سیاسی اور سماجی اور مذہبی رہنماؤں کی بڑی تعداد موجود تھی۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی صورتحال سب سے کے سامنے ہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین بھائی واحد رہنماء ہیں جنہوں نے ہمیشہ بلوچ بھائیوں کے حقوق کیلئے آواز بلند کی ہے آج انہیں انکے بنیادی حقوق سے محروم رکھا جارہا ہے، انہوں نے کہا کہ بھتہ مافیا صرف کراچی کا نہیں سندھ اور پورے پاکستان کا سنگین مسئلہ ہے ہم حکومت میں رہتے ہوئے اپنا آئینی حق استعمال کریں گے اور احتجاج کرتے رہیں گے بھتہ افیا کے خلاف جب کوئی کارروائی عمل میں لائی جاتی ہے تو پورے سندھ میں ان کے حامی اٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔افطار پارٹی سے حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد ان، سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن ہیر سوہو، اراکین زونل کمیٹی محمد عیسیٰ جوکھیو نے بھی اظہار خیال کیا۔دریں اثناء نوشہرو فیروز میں سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن عبدالوحید عباسی کی جانب سے عباسی ہاؤس میں افطار پارٹی منعقد ہوئی، جس میں متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق احمد منگی اور یوسف شاہوانی نے کارکنان اور معززین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک میں دو فیصد مراعات یافتہ طبقے کے ظلم وستم کے شکار 98 فیصد غریب اور مظلوم عوام کو انکے غصب شدہ حقوق دلا کر ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ چاہتے ہیں کیونکہ موروثی سیاستدانوں نے 64 برسوں سے غریب ومظلوم عوام کو یرغمال بنا رکھا ہے، اس موقع پر سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے اراکین پیر فرزند علی شاہ جیلانی، ڈاکٹر نور محمد شاہ، غلام حیدر راہو، سندھ تنظیمی کمیٹی کے اراکین مرید بروہی، سلیم معظم، عبدالخالق چانڈیو، متحدہ سوشل فورم کے اراکین غلام علی شاہانی، منور علی چوہان اور غلام رسول پیرزادہ، زونل انچارج نوشہرو فیروز زون راشد علی میمن، اراکین زونل کمیٹی رانا آفتاب احمد، محمد سلیم راجپوت، اسلم طاہری، نعیم میمن، جان محمد مغل، بشاورو سطر واور مقامی یونٹ کے ذمہ داران وکارکنان اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد، ڈاکٹرز، وکلا، اساتذہ، ادیب ودانشور، صحافی حضرات اور معززین شہر کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔

## متحدہ سوشل فورم کے ارکان نے پاکستان کی شہرت یافتہ گلوکارہ مائی بھاگی مرحومہ کی علیل صاحبزادی مائی سونی کی رہائشگاہ جاکر عیادت کی جناب الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی

میرپورخاص:۔۔۔3، اگست 2012ء

متحدہ سوشل فورم کے ارکان معصوم تھری اور لکھی جمالی نے گزشتہ روز پاکستان کی شہرت یافتہ گلوکارہ مائی بھاگی مرحومہ کی رہائشگا کا دورہ کیا اور مائی بھاگی مرحومہ کی صاحبزادی وگلوکارہ مائی سونی کی عیادت کی۔متحدہ سوشل فورم کے ارکان نے محترمہ مائی سونی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے خیریت دریافت کی ۔اس موقع پر محترمہ مائی سونی نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین عظیم قائد ہیں اور انہوں نے ہمیشہ ہمارے خاندان سمیت فنکاروں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑا بلکہ ہمیشہ خیال ہی رکھا ہے۔انہوں نے متحدہ سوشل فورم کے ارکان سے دلی تشکر کا اظہار کیا اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی دارزی عمر ،صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔3 اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیاری سیکٹر یونٹ 31 کے کارکن محمد خورشید کے صاحبزادے محمد متین اور نواب شاہ زون کے رکن سیّد حسن عسکری کاظمی کی ہمشیرہ شاہدہ کاظمی کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## جناب الطاف حسین تمام مذاہب،عقائد اور مسالک کے درمیان محبت بکھیرنے کا کام کررہے ہیں،سید شعیب احمد بخاری کراچی تنظیمی کمیٹی کے زیر اہتمام انو بھائی پارک میں نوجوانوں کے مابین مقابلہ حسن قرات ونعت خوانی اور دعوت افطار کے شرکاء سے خطاب

کراچی۔۔۔3 اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے زیر اہتمام نوجوانوں کے مابین حسن قرات ونعت خوانی کے مقابلوں اور معززین شہر کے اعزاز میں دعوت افطار کا سلسلہ جاری ہے اور اس سلسلے میں جمعے کے روز ناظم آباد کے انو بھائی پارک میں محفل کا انعقاد کیا گیا جس میں جس میں قاری ونعت خواں نوجوانوں نے حصہ لیا اور بہترین نعت خوانی وثناء خوانی پر پوزیشنیں حاصل کیں۔حسنِ قرات ونعت خوانی کی محفل میں معروف علمائے کرام، بزنس کمیونٹی ،آل پاکستان تاجرایسوسی ایشن کے وائس چیئرمین جمیل پراچہ ،لیاقت آباد اسمال ٹریڈرز کے صدر انصار بیگ ،لیاقت آباد تاجر اتحاد کے صدر محمد حسنین قریشی اور آل تاجر اتحاد کے محمد زبیر علی خان کے علاوہ مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری ،کنور خالد یونس ،وفاقی وزیر مملکت ڈاکٹر ندیم احسان ،انور عالم ،ریحان ظفر ،کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی ودیگر اراکین کے علاوہ سیکٹر ویونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔محفل سے سید شعیب احمد بخاری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کی جدوجہد میں تمام مذاہب کے ماننے والے عوام شامل ہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین تمام مذاہب ،عقائد اور مسالک کے درمیان محبت بکھیرنے کا کام کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے اپنے حالیہ بیانات کے ذریعے ملک کو درپیش اندرونی وبیرونی خطرات سے نہ صرف پوری قوم کو آگاہ کیا بلکہ ان خطرات سے نمٹنے کا حل بھی پیش کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر ملک کو خطرات سے کوئی نکال سکتا ہے تو وہ صرف اور صرف قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ذات ہیں جو باہمی اختلافات سے بالاتر ہوکر اتحاد واتفاق کی ضرورت پر زور دے رہے ہیں۔محفل سے کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی نے بھی خطاب کیا اور ایم کیوایم کے فکر وفلسفے پر تفصیلی روشنی ڈالی۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں امن وامان کی خراب صورتحال کے ذمہ دار بھتہ وپرچی مافیا ہے۔بعد ازاں حسن قرات ونعت خوانی کے مقابلے میں پوزیشن حاصل کرنے والے نوجوانوں میں انعامات تقسیم کیے گئے اور ان کی حوصلہ افزائی کی گئی۔

☆☆☆☆☆